PUNJAB
Education Foundation

مراسلہ نمبر: PEF/CIR/ROR/06-2023/11872 مورخہ: 21جون2023

محترم FAS/EVS/NSP پارٹنرز!

عنوان: پنجاب ایجوکیشن فاؤنڈیشن سے فارغ التحصیل ہونہار طلباوطالبات (Alumni) کی معلومات

السلام علیکم!

جیسا کہ آپ جانتے ہیں کہ پنجاب ایجوکیشن فاؤنڈیشن پنجاب کے دُور دراز علاقوں میں مستحق بچوں کو مفت ومعیاری تعلیم کی سہولت پہنچانے کے لیے کوشاں ہے۔ اس سلسلے میں پنجاب ایجوکیشن فاؤنڈیشن کے پارٹنر سکول مالکان، پرنسپلز اور اساتذہ کی باہمی اور انتھک کاوشوں سے پیف سکولوں میں تعلیم حاصل کرنے والے بچے نہ صرف اچھے اداروں میں تعلیم حاصل کر رہے ہیں بلکہ مختلف اعلیٰ اداروں میں ملازمت بھی کر رہے ہیں۔

یہ بچے پنجاب ایجوکیشن فاؤنڈیشن کا سرمایہ ہیں اور اُن کی محنت کو سراہنے کے لئے ادارہ ایسے فارغ التحصیل طلباوطالبات کی معلومات کا ڈیٹا اکٹھا کر رہا ہے جو آج کسی بھی سرکاری یا پرائیوٹ ادارے میں ملازمت کر رہے ہیں یا سوسائٹی میں نمایاں مقام پر فائز ہیں یا اس کے علاوہ کسی نمایاں اور ممتاز ملکی وغیر ملکی ادارے، میڈیکل کالجز یا انجینئرنگ یونیورسٹیوں میں اعلیٰ تعلیم حاصل کر رہے ہیں۔

اس سلسلے میں پارٹنر سکولوں کو مطلع کیا جاتا ہے کہ ان کامیاب طالبعلموں کے متعلق معلومات سٹوڈنٹ انفارمیشن سسٹم پر دیئے گئے فارم کے مطابق 16 جولائی 2023 تک فراہم کریں۔

اس بات کا خیال رکھیں کہ ان طلباوطالبات کے رابطہ نمبر ضرور مہیا کیا جائیں۔

خیر اندیش

ریجنل ڈائریکٹر (راولپنڈی)

Head Office
52-L, Gulberg III, Near Kalma Chowk,
Lahore. Ph: 042-99232791 - 98

Regional Office Rawalpindi
H # 2-A, Main Road,
Gulzar-e-Qaid, Old Airport Road,
Rawalpindi. Ph: 051-5955860

Regional Office Multan
238-B, Model Town, Multan.
Ph: 061-6216399